سوال

(256)ساڑھے سات تولے سونے پر زکوۃ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ساڑھے سات تولے سونے پر کتنی زکوۃ ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سونے کی زکوۃ نکالنے کے دو طریقے ہیں۔

ایک تو یہ ہے کہ آپ زکوۃ میں سونا ہی نکال دیں۔اس صورت میں آپ ساڑھے سات تولے چالیسواں حصہ یعنی اڑھائی فیصد نکالیں گے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ آپ مارکیٹ سے سونے کا ریٹ پوچھ لیں،اوراس کی جو قیمت بنے اس میں سے چالیسواں حصہ یعنی اڑھاء ی فیصد زکوۃ نکال دیں۔

ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ

جلد 2